Department of Health

# ایف جی ایم کے بارے میں مزید معلومات

More information about FGM (Urdu)

خواتین کے جنسی اعضاء کی بریدگی (ایف جی ایم) ایک ایسا عمل ہے جس میں خواتین کے جنسی اعضاء کو زخمی یا تبدیل کردیا جاتا ہے، لیکن اِس کے پیچھے کوئی طبّی وجہ نہیں ہوتی۔ یہ مستقبل میں خواتین اور لڑکیوں کی صحت کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اِس عمل کے براہ راست نتیجے میں کچھ لڑکیاں خون کے ضیاع یا عفونت سے مرجاتی ہیں۔ ایف جی ایم کروانے والی خواتین کو دورانِ زچگی مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

ایف جی ایم عام طور پر 5 تا 10 سال کی عمر کی لڑکیوں پر کی جاتی ہے۔ دوسرے ناموں کے علاوہ اِسے خواتین کے ختنوں، کٹائی یا دوسرے ایسے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے جیسے سنت، گُڈنین، حلالیہ، طہور،مغریز اور خیتان۔

## ایف جی ایم کی اقسام:

قسم 1 – بظر کے کچھ حصے یا تمام بظر کی کٹائی

قسم 2 – تمام تر یا بظر اور چھوٹے شفتینِ فرج ("ہونٹ" جو فرج کو گھیرے ہوئے ہوتے ہیں) کے کچھ حصے کی کٹائی۔

قسم 3 – بشمول بظر کے خواتین کے سارے جنسی اعضاء یا اِن میں سے کچھ حصے کی کٹائی۔ لبوں کو اِس طرح سے آپس میں جوڑنا کہ درمیان میں ایک چھوٹا سوراخ رہ جائے۔

قسم 4 – دوسری تمام اقسام کا نقصان، بشمول خواتین کے جنسی اعضاء کو کاٹنے، جلانے، چھیلنے، چھیدنے اور کھینچنے کے۔

## ایف جی ایم کیوں ہوتا ہے؟

عام طور پر لڑکی کے والدین یا رشتے دار لڑکی کے ایف جی ایم کروانے کا بندوبست کرتے ہیں۔ یہ کرنے کی وجوہات میں شامل ہے:

- رواج
- مذہب
- روایت کی برقراری
- کنوارے پن کی برقراری
- صفائی
- خاندانی عزت کی حفاظت
- سماجی قبولیت، خاص طور پر شادی کے سلسلے میں

ایف جی ایم کے لئے یہ وجوہات غلط فہمی یا کم علمی کی بنیاد پر قائم ہیں۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ایف جی ایم اُن کے مذہب کا ایک حصہ ہے، مثال کے طور پر قسم 1 کی ایف جی ایم کو بعض اوقات غلطی سے سنت کہا جاتا ہے۔ لیکن ایسے کوئِی مذہبی صحیفے موجود **نہیں** ہیں جو ایف جی ایم کی حمایت میں ہوں یا کہتے ہوں کہ یہ ضرور ہونی چاہیے۔

## ایف جی ایم غیر قانونی ہے

ایف جی ایم غیر قانونی ہے اور یہ **کبھی بھی** یہاں یا بیرونِ ملک نہیں ہونی چاہیے۔ ایف جی ایم میں کسی بھی طریقے سے مدد کرنا غیر قانونی ہے۔ اِس میں مرتکب پائے جانے والے کسی فرد کو 14 سال تک قید ہوسکتی ہے جرمانہ ہوسکتا (مالی جرمانہ ادا کرنا پڑتا ہے)۔

## ایف جی ایم آپ کی صحت کو سخت نقصان پہنچا سکتی ہے

ایف جی ایم لڑکیوں یا خواتین کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے، بشمول:

- مستقل درد
- بار بار ہونے والی عفونت جس سے بانجھ پن ہوسکتا ہے
- جریانِ خون، بتوڑیاں اور پیپ سے بھرے پھوڑے
- پیشاب کرنے میں دشواری یا پیشاب کا رساؤ
- افسردگی، ماضی کی جھلکیاں، خود کو نقصان پہنچانا
- زچگی/بچے کو جنم دینے میں مسائل جن سے موت بھی واقع ہوسکتی ہے

## آپ کو کیا مدد مل سکتی ہے؟

اگر آپ نے ایف جی ایم کروائی ہو، تو آپ اپنے جی پی یا کسی دوسرے صحت کے معالج سے مدد حاصل کرسکتی ہیں۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو آپ اپنی دائی سے مدد حاصل کرسکتی ہیں۔

آپ www.nhs.uk/fgm پر ایف جی ایم کے خصوصی کلینکوں اور سروسز کے بارے میں تفصیلات معلوم کرسکتے ہیں۔

**اگر آپ کو کسی ایسی لڑکی کے بارے میں خدشات لاحق ہوں جسے ایف جی ایم کا خطرہ درپیش ہو، تو آپ کا علاج کرنے والے صحت کے معالج کو اِس کے بارے میں بتائیں یا 24 گھنٹے یومیہ کھلی ہیلپ لائن 0800 028 3550 پر این ایس پی سی سی کو فون کریں۔**

**اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ کی بیٹی کو آپ کا خاندان یا برادری ایف جی ایم کروانے پر مجبور کرسکتی ہے، تو مدد کے لئے اپنے جی پی، ہیلتھ وزٹر یا کسی بھی دوسرے صحت کے معالج سے مدد کے لئے کہیں۔**

## صحت کا پاسپورٹ

آپ *خواتین* کے جنسی *اعضاء* کی بریدگی کی *مخالفت* میں *بیان* کی نقول طلب کرسکتے ہیں۔ یہ جیبی سائز کا چھپا ہوا بیان ہے، جو کہ 11 زبانوں میں دستیاب ہے جو آپ بیرونِ ملک جاتے ہوئے اپنے ساتھ لے جا سکتی ہیں۔ آپ اِسے اپنے خاندان کو دکھا سکتے ہیں۔ یہ واضح کرتا ہے کہ برطانیہ میں ایف جی ایم ایک شدید مجرمانہ فعل ہے۔

## ایف جی ایم والے مریضوں سے معلومات اکٹھی اور استعمال کرنا

ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اور این ایچ ایس کی جانب سے انگلینڈ میں ایف جی ایم کے بارے میں ڈیٹا این ایچ ایس ڈیجیٹل جمع کررہا ہے۔ جمع کردہ ڈیٹا کو ایف جی ایم اینہانسڈ ڈیٹا سیٹ (FGM Enhanced Dataset) کہا جاتا ہے - www.content.digital.nhs.uk/fgm۔ جمع کردہ ڈیٹا اِس معلومات کو تخلیق کرنے میں مددگار ہوتا ہے کہ این ایچ ایس اُن خواتین اور لڑکیوں کی دیکھ بھال کیسے کرتا ہے جن کا ایف جی ایم ہو چکا ہو یا جو اِس کے ہونے کے خطرے کا شکار ہوں۔

این ایچ ایس آپ کے بارے میں کچھ 'ذاتی رازدارانہ معلومات' جمع کرتا ہے جیسے آپ کا نام، تاریخ پیدائش، این ایچ ایس نمبر اور آبائی ملک۔ یہ ایف جی ایم کے بارے میں مخصوص معلومات بھی جمع کرتا ہے۔ اِس میں شامل ہے ایف جی ایم کی قسم، آپ کی عمر جب ایف جی ایم ہوا تھا، ملک جہاں ایف جی ایم ہوا تھا اور ایف جی ایم کے بارے میں کسی قسم کی خاندانی تاریخ۔

جی پیز اور دیگر ہیلتھ کیئر مہیا کنندگان این ایچ ایس ڈیجیٹل کو یہ معلومات مہیا کرنے کے پابند ہیں، تاہم آپ اپنی ذاتی رادارانہ معلومات کا تبادلہ کرنے پر اعتراض اُٹھا سکتی ہیں۔ آپ اپنے معالجین سے بات کرسکتی ہیں ایسا کیسے کیا جا سکتا ہے۔ یا اِس بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے کہ آپ کا ڈیٹا کیسے استعمال کیا جاتا ہے یا اِس کا بندوبست کیا جاتا ہے، بشمول اِس کے کہ این ایچ ایس ڈیجیٹل کیسے معلومات کی رازداری کو برقرار رکھتا ہے، اور کسی قسم کے اعتراضات کو درج کرنے کے لئے، برائے مہربانی مندرجہ ذیل پر جائیں:

www.content.digital.nhs.uk/patientconf

**اگر آپ کو ایف جی ایم کے بارے میں مزید معلومات درکار ہو تو، برائے مہربانی www.nhs.uk/fgm پر جائیں**

© Crown copyright 2016

Urdu 11/16 - 2905950

ولیمز لی نے محکمہ صحت کے لئے تیار کیا

www.dh.gov.uk/publications